RAMPUR GOV.T GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۵۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ جمادی الآخر ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۱۷ دسمبر ۱۸۹۴ء | جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	حکم اجلاس کامل	
۱	دربارہ عدم گرفتاری سپاہیان امپیریل سروس ٹروپس متعہدہ قرضہ مع ترجمہ چٹھیات وارنٹیگی	۱ و ۲
۲	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل سوار	ضمیمہ
۳ و ۴	نقشہ حیات و ممات و نقشہ نرخ غلہ جات	//

حکم اجلاس کامل واقعہ ۱۹ نومبر ۱۸۹۴ء

آج پیش حضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم اجلاس کونسل میں پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ رائے صاحب ریذیڈنٹ پولیٹکل افسر بہادر منظور ہے قاعدہ مندرجہ چٹھی یہاں بھی جاری کیا جاوے۔ مثل بنابر اجرائے احکام مع نقل چٹھیات باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو صاحب بہادر ممدوح اس قاعدہ کو درج گزٹ بھی کرادیں۔ اور نقل روئداد ہذا بذریعہ جواب چٹھی باجلاس صاحب ریذیڈنٹ پولیٹکل افسر بہادر مرسل ہو۔ اور کرنیل راس صاحب بہادر مشیر فوجی کو بہ ترسیل نقل روئداد و نقول چٹھیات اطلاع دیجاوے۔

دستخط جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم — دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

بخدمت جج صاحب بہادر مرسل ہو کہ اس قاعدہ کا حسب منشای تجویز اجلاس کامل اعلان و درج گزٹ بھی کرادیا جاوے - ۲۵ نومبر ۱۸۹۴ء

حکم صاحب جج بہادر

ایک ایک نقل جملہ عدالتہای دیوانی و مال و تحصیلات مین مرسل ہو اور ایک نقل واسطے درج گزٹ کے بمنشای حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر خدمت مین مہتمم صاحب مطبع سرکاری کے مرسل ہو -

۲۸ نومبر ۱۸۹۴ء

ترجمہ چٹھی نمبری ۱۵۴۷ مورخہ ۲۷ اکتوبر ۱۸۹۴ء

منجانب صاحب رزیڈنٹ بہادر پولیٹکل افسر

بخدمت صاحب سکرٹری بہادر کونسل آف رامپور

نقل سرکلر نمبری ۱۴۱۸ مورخہ ۱۰ اکتوبر ۱۸۹۴ء واسطے ملاحظہ و غور حضور پرنور ان کونسل مرسل ہے اور گزارش ہے کہ میری رای مین یہ امر بہت مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ریاست رامپور کے امپیریل سروس ٹروپس کے سپاہیون کے بھی وہی حقوق دیے جائین جو دوسری ریاستون کے سپاہیونکو سرکار انگریزی مین قرضہ کے سبب گرفتار کیے جانے سے بری ہونے کے معاملہ مین حاصل ہین لیکن اس امر کا تصفیہ کہانتک اسکا عملدرآمد ریاست رامپور مین ہونا چاہیئے دربار سے متعلق ہے جیسا کہ ریاست کے فرار شدہ سپاہیون کو گورنمنٹ بھی سرکار انگریزی مین پانے پر فراری ماننے لگے گی (جیسا کہ عنقریب ہونیوالا ہے) تو یہ ریاست کے بھی فائدہ کی بات ہوگی کہ ان قواعد کا عملدرآمد ریاست رامپور مین بھی ہو جاوے لہذا میری رای ہے کہ قواعد اسٹیٹ ڈسپلین ایکٹ مین شامل کرا دیے جاوین اس ڈسپلین ایکٹ کے بارہ مین صاحب ملٹری ایڈوائزر جنرل عنقریب ایک تجویز پیش کرینگے -

ترجمہ چٹھی نمبری سرکلر ۱۴۱۸ مورخہ ۱۰ اکتوبر ۱۸۹۴ء شملہ

منجانب صاحب انسپکٹر جنرل بہادر امپیریل سروس ٹروپس بنام افسران امپیریل سروس ٹروپس انڈین ارٹیکل آف وارس کا انتخاب

(دربارہ بریت سپاہیان از گرفتاری جہت قرضہ) اطلاعاً گشت کرایا جاتا ہے اور یہ بھی عرض ہے کہ کسی قسم کا قانون ریاستون مین رائج ہو جاوے جسکے وجہ سے امپیریل سروس ٹروپس کے سپاہیونکو بھی ویسے بریت حاصل ہو جاوے جس جس جگہ رزیڈنٹ پولیٹکل افسرین ان سے اس معاملہ مین خط و کتابت ہونا چاہیے -

انتخاب انڈین ارٹیکل آف وار بل دفعہ ۲۳ حصہ سوم

ارٹیکل ۱۸۱

(۱) کوئی شخص جسپر ان قواعد کا عمل ہے جبتک اوسکا تعلق سرکار قیصر ہند کے نوکری سے ہے قرضہ کے لیئے کسی عدالت دیوانی یا مال یا کسی افسر مال کے حکم سے گرفتار نہین کیا جا سکتا

(۲) اگر کوئی شخص خلاف ان قواعد کے گرفتار کر لیا گیا ہے تو اوس شخص یا اوسکے افسر کی نالش کرنے پر اسی عدالت کے جج کو چاہیے کہ اوسکی تحقیقات کرکے اپنے دستخطی حکم سے اوسکو رہا کر دے اور اوسکو مناسب خرچہ دلوادے اور وہ شخص اوس خرچہ کو اوسی طریق سے وصول کر سکتا ہے جس سے وہ گرفتار شدہ پر ڈگری کراکے کر سکتا -

(۳) اسی خرچہ کو وصول کرنیکے لیئے مدعی کو عدالت مین کچھ فیس نہ دینا پڑیگی -

ارٹیکل (۱۸۲)

جس شخص پر ان قواعد کا عمل ہے اوسکے سلاح یا لباس یا ساز و سامان یا آلات جنگ یا اشیای ضروری یا کوئی جانور جسکو وہ اپنے فرائض منصبی کے ادا کرنے مین استعمال کرتا ہے قرق نہین کی جا سکتی اور نہ اوسکی تنخواہ یا لوٹ یا کوئی حصہ تنخواہ یا لوٹ کا کسی عدالت دیوانی یا مال یا کسی افسر مال کے حکم سے وصول کیجا سکتی

ارٹیکل (۱۸۳)

انڈین ارادو فورس کے سپاہیون یا افسرون کو بھی یہی حقوق ہین -

حکم صاحب اسسٹنٹ پریذیڈنٹ بہادر واقع ۲۸ نومبر سنہ ۱۸۹۴ء

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل سوار منعقدہ ۲۰ نومبر سنہ ۱۸۹۴ء

صاحبزادہ محمد سعادت یار خان تحصیلدار صدر نشین کمیٹی

سید غلام شبیر نائب تحصیلدار سکریٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین	غیر ملازمین
۱ عنایت علی خان عرائض نویس — ۲ لالہ گنپت رائے اسیاہہ نویس — ۳ محی الدین محرر صفائی —	۱ لالہ ایسری پرشاد مختار ممبر — ۲ محمد نیاز بہادر خان مستاجر ممبر — ۳ لالہ منی لال بقال ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) موضع سوار کاشی پور کے باشندگان از قسم اقوام جولاہہ چمار وغیرہ سر بکنار و اتصال آبادی بہنگام شب بول و براز کرتے ہیں باعث تعفن و خرابی صفائی کے ہوتے ہیں اسکا انتظام مناسب ہونا چاہئے —	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی بذریعہ منادی وہاں تمام بستی میں چل پھر کر باشندگان سوار اور کاشی پور کو فہمائش بہ تحت ممانعت کر دیں کہ آئندہ کوئی شخص کسی وقت میں متصل کنارہ آبادی کبھی بول و براز نہ کرے ورنہ بحالت ثبوت مستوجب سزائے سرکاری کا ہوگا — صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رائے کیا —
(۲) موضع چک سوار میں بایام برسات اکثر رعایا کی دیواریں و بعض مکانات منہدم ہو کر راستوں پر گر گئے تھے انکی مٹی اکثر باشندگان نے حسب تاکیدات ملازمان صفائی سر راہ سے اٹھا لی ہے مگر چند گلیوں میں اب بھی کچھ کچھ مٹی پڑی ہوئی ہے اسکی نسبت تاکید و انتظام ہونا چاہئے —	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی و جمعدار تحصیل ان اشخاص کو جنکی دیواروں کی مٹی ہنوز سر راہ پڑی ہوئی ہے ہدایت کر دیں کہ فوراً بمیعاد یک ہفتہ وہ لوگ اپنی اپنی دیوار ہائے منہدمہ کی مٹی گلیوں سے اٹھا لیں ورنہ بعد انقضائے میعاد ہفتہ لائق بازپرس ہونگے — صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رائے کیا —

(۳۲) بروز بازار پینٹھ سوار کے خرید فروخت کنندگان مویشی پاس کے نخاس اپنے مویشی دودکانداران غلہ فروش و ترکاری والوں سے ملاکر کھڑے کر دیتے ہیں جس سے صورت بدنظمی و خدشہ ضرر انسانی متصور ہے اسکا کوئی بندوبست ہونا چاہیے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سکرٹری کمیٹی معرفت جمعدار و سپاہیان تحصیل بروز بازار پینٹھ ہر خریدار و فروشندہ مویشی کو بخوبی ممانعت و تنبیہ کردین کہ آیندہ کوئی شخص اپنے مویشی کسی قسم کے مردمان و دوکانداران بازار سے ملاکر نہ کھڑے کیا کرین ورنہ بحالت خلاف ورزی اونپر مقدمہ قائم کیا جاویگا۔ جناب صدر نشین نے بھی اتفاق رائے کیا۔

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۱۰ لغایت ۱۶ ماہ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل اموات: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تفصیل نمبر ۱
شاہ آباد	۲	۱۵	۴	۱۹	۲۲	۸	۳۴	۴	۹	۱	۱	۱۸	۴	۲۲	۱۴	۱۳	۲۳	۰	۰	۰	۳۶	۳۶	۰
ملک	۰	۴	۰	۲	۱۵	۰	۱۵	۰	۱	۰	۰	۴	۱	۳	۲	۰	۲	۰	۰	۲	۴	۲	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تفصیل نمبر ۲
سوار	۰	۵	۳	۷	۲۰	۸	۱۲	۰	۱۲	۲	۱	۷	۸	۱۹	۲۱	۲۳	۱۴	۰	۰	۰	۳۷	۳۷	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تفصیل نمبر ۳
میزان	۹	۲۹	۷	۳۲	۷۷	۱۶	۶۱	۱۴	۲۲	۳	۲	۲۷	۱۳	۴۴	۳۷	۳۶	۴۳	۰	۰	۲	۷۷	۷۹	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۱۰ لغایت ۱۶ ماہ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۰۱۲ عہ	۱۱ عہ	۱۳ عہ	۱۵ عہ	۱۲ عہ	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۷ عہ	۹ عہ	۱۸ عہ	۱۷ عہ	۱۶ عہ	
نخود کرانہ	۰	۰	۱۱ عہ	۱۹ عہ	۲۰ عہ	۱۸ عہ	
[illegible]	۰	۰	۲۳ عہ		۰	۰	
ماش	۰	۱۱ عہ	۱۲ عہ	۱۰ عہ	۰	۰	
مونگ		۱۷ عہ	۱۳ عہ	۰	۰	۱۱ عہ	
مکا	۰	۱۷ عہ	۳۰ عہ	۱۷ عہ	۱۷ عہ	۰	
[illegible]	۱	۰	۳۱ عہ	۰	۲۰ عہ	۰	
[illegible]	۰	۰	۱۸ عہ	۰	۳۰ عہ	۲۴ عہ	
[illegible]	۰	۰	۱۶ عہ	۰	۱۵ عہ	۱۸ عہ	
ارہر	۰	۰	۱۸ عہ	۰	۰	۱۸ عہ	
برنج	۰	۱۱ عہ	۱۴ عہ	۱۲ عہ	۱۳ عہ	۱۲ عہ	
روغن زرد	۰	۱ عہ	۱ عہ	۱ عہ	۱ عہ	۱ عہ	
روغن سیاہ	۰	۰۳ عہ	۰۲ عہ	۲ عہ	۰۲ عہ	۰۳ عہ	
روغن کنجد		۰۳ عہ	۰۲ عہ	۰	۰	۰۲ عہ	
نمک [illegible]		۸ عہ	۹ عہ	۸ عہ	۹ عہ	۸ عہ	
نمک لاہوری	۰	۶ عہ	۶ عہ	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۸ عہ	۱۱ عہ	۰	۰	۰	